دعوتِ اسلامی کے تحت ہونے والے آخری عشرے کے رمضان اعتکاف کا شیڈول



# آخری عشرے کا اعتکاف جدول

(1446ھ / 2025ء)

- اعتکاف کے فضائل
- اعتکاف مجالس اور ان کے کام
- رہنما کتب و رسائل کے لنکس
- اعتکاف جدول

"پیشکش : پاکستان مشاورت آفس"

دعوتِ اسلامی کے تحت ہونے والے آخری عشرے کے رمضان اعتکاف کا شیڈول

# آخری عشرے کا اعتکاف جدول

(1446ھ/2025ء)

# فہرست


اعتکاف کے فضائل ..... 3

دینی ماحول میں کرلو تم اعتکاف ..... 8

رمضان المبارک کی 12 نیتیں ..... 14

اعتکاف مجالس ..... 15

مجالس کے نام اور ان کے ذمے کام ..... 15

اعتکاف جدول ایک نظر میں ..... 43

اعتکاف جدول کی رہنما کتب ورسائل ..... 44

اعتکاف کا تفصیلی جدول ..... 46

﴿20﴾ رمضان المبارک ..... 46

﴿21﴾ رمضان المبارک ..... 46

﴿22﴾ رمضان المبارک .....48

﴿23﴾ رمضان المبارک ..... 51

﴿24﴾ رمضان المبارک .....53

﴿25﴾ رمضان المبارک .....55

﴿26﴾ رمضان المبارک .....58

﴿27﴾ رمضان المبارک .....60

﴿28﴾ رمضان المبارک .....62

﴿29﴾ رمضان المبارک .....65

﴿30﴾ رمضان المبارک .....67

افطار اجتماع کا یومیہ جدول اور تیاری کا طریقہ 70




www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ ط
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# آخری عشرے کا اعتکاف جدول

(1446ھ / 2025ء)

## درود شریف کی فضیلت

جب تم میں سے کوئی مسجد میں داخِل ہو تو نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم پر سلام بھیجے اور یوں عرض کرے: اے اللہ پاک! میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔ اور جب مسجد سے نکلے، تو بھی نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم پر سلام بھیجے اور یوں عرض کرے: اے اللہ پاک مجھے شیطان سے دور فرما۔ (مسند الفردوس، 1/10، حدیث:6026)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! ❁❁❁ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

## اعتکاف کے فضائل

پیارے اسلامی بھائیو! رَمَضانُ المبارک کی برکتوں کے کیا کہنے! یوں تو اس کی ہر ہر گھڑی رَحمت بھری اور ہر ہر ساعت بے پایاں برکتیں لئے ہوئے ہے، مگر اس ماہِ محترم میں شبِ قدر سب سے زیادہ اہمیت کی حامل ہے۔ اسے پانے کے لئے ہمارے پیارے آقا، مدینے والے مصطفٰے صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم نے ماہِ رَمَضانِ پاک کا پورا مہینا بھی اعتکاف فرمایا ہے اور آخِری دس دن کا بہت زیادہ اہتمام تھا۔ یہاں تک کہ ایک بار کسی خاص عذر کے تحت "آپ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم رَمَضانُ المبارک میں اعتکاف نہ کر سکے تو شوّالُ المکرم کے آخری عشرے میں اعتکاف فرمایا۔" (بخاری، 1/671، حدیث:2041)

ایک مرتبہ سفر کی وَجہ سے آپ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم کا اعتکاف رہ گیا تو اگلے رَمضان

شریف میں بیس دن کا اعتکاف فرمایا۔(ترمذی، 2/212، حدیث 803 ملخصًا)

## دس دن کا اعتکاف

اُمّ المؤمنین حضرتِ عائشہ صِدّیقہ رضی اللہ عنہا رِوایَت فرماتی ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم رَمضانُ المبارَک کے آخری عَشَرہ(یعنی آخِری دس دن) کا اِعتکاف فرمایا کرتے۔ یہاں تک کہ اللہ پاک نے آپ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم کو وفاتِ (ظاہِری) عطا فرمائی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم کے بعد آپ کی ازواجِ مُطَہَّرات رضی اللہ عَنہُنَّ اعتکاف کرتی رہیں۔

(بخاری، 1/664، حدیث:2026)

## معتکف کا مقصودِ اصلی انتظارِ نمازِ باجماعت

فتاویٰ عالمگیری میں ہے: اعتکاف کی خوبیاں بالکل ہی ظاہِر ہیں کیونکہ اس میں بندہ اللہ پاک کی رِضا حاصل کرنے کیلئے کُلِّیَّۃً(یعنی مکمل طور پر) اپنے آپ کو اللہ پاک کی عبادت میں مُنْہَمِک کر دیتا ہے اوران تمام مشاغِلِ دنیا سے کنارہ کش ہو جاتا ہے جو اللہ پاک کے قُرب کی راہ میں حائل ہوتے ہیں اور معتکف کے تمام اوقات حقیقتًا یا حکماً نَماز میں گزرتے ہیں۔(کیونکہ نَماز کا انتِظار کرنا بھی نماز کی طرح ثواب رکھتا ہے) اور اعتِکاف کا مقصودِ اصلی جماعت کے ساتھ نَماز کا انتِظار کرنا ہے اور معتکف اُن (فِرشتوں) سے مُشابَہَت رکھتا ہے جو اللہ پاک کے حکم کی نافرمانی نہیں کرتے اور جو کچھ انہیں حکم ملتا ہے اسے بجالاتے ہیں، اوران کے ساتھ مُشابَہَت رکھتا ہے جو شب و روز اللہ پاک کی تسبیح(پاکی) بیان کرتے رَہتے ہیں اوراس سے اُکتاتے نہیں۔(فتاوی عالمگیری، 1/212)

## ایک دن کے اعتکاف کی فضیلت

فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم: جو شخص اللہ پاک کی رضا وخوشنودی کیلئے ایک دن کا

اعتکاف کرے گا اللہ پاک اس کے اور جہنّم کے درمیان تین خَندَقیں حائل کردے ہر خندق کی مسافت (یعنی دُوری) مشرق و مغرب کے فاصلے سے بھی زیادہ ہوگی۔

(معجم اَوْسَط، 5/279، حدیث:7326)

## سارے مہینے کا اعتکاف

حضرتِ سیِّدُنا ابو سعید خُدری رضی اللہُ عنہ سے روایت ہے: ”ایک مرتبہ سلطانِ دوجہان، شہنشاہِ کون و مکان صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم نے یکم رَمضان سے بیس رَمضان تک اِعتکاف کرنے کے بعد ارشاد فرمایا: ”میں نے شبِ قدر کی تلاش کیلئے رَمضان کے پہلے عشرے کا اعتکاف کیا پھر درمیانی عشرے کا اعتکاف کیا پھر مجھے بتایا گیا کہ شبِ قدر آخری عشرے میں ہے لہٰذا تم میں سے جو شخص میرے ساتھ اِعتکاف کرنا چاہے وہ کرلے۔“

(مسلم، ص594، حدیث:1167)

## دو فرامینِ مصطفٰے صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم

(1)... جس نے رَمَضانُ الْمُبارَک میں دس دن کا اعتکاف کرلیا وہ ایسا ہے جیسے دو حج اور دو عمرے کئے۔“ (شُعَبُ الْاِیمان، 3/425، حدیث:3966)

(2)... اِعتکاف کرنے والا گناہوں سے بچا رہتا ہے اور اس کیلئے تمام نیکیاں لکھی جاتی ہیں جیسے ان کے کرنے والے کے لئے ہوتی ہیں۔ (ابنِ ماجہ، 2/365، حدیث:1781)

## بِغیر کیے نیکیوں کا ثواب

مُفَسِّرِ شہیر حکیمُ الْاُمَّت حضرتِ مفتی احمد یار خان رحمۃُ اللہِ علیہ حدیث نمبر 2 کے تحت مراٰۃ جلد 3 صفحہ 217 پر فرماتے ہیں: ”یعنی اعتکاف کا فوری فائدہ تو یہ ہے کہ یہ معتکف کو گناہوں سے باز رکھتا ہے۔ عَکْف کے معنی ہیں روکنا، باز رکھنا، کیونکہ اکثر گناہ غیبت،

جھوٹ اور چغلی وغیرہ لوگوں سے اختلاط کے باعث ہوتی ہے معتکف گوشہ نشین ہے اور جو اس سے ملنے آتا ہے وہ بھی مسجد و اعتکاف کا لحاظ رکھتے ہوئے بری باتیں نہ کرتا ہے نہ کراتا ہے۔ یعنی معتکف اعتکاف کی وجہ سے جن نیکیوں سے محروم ہو گیا جیسے زیارتِ قبور مسلمان سے ملاقات بیمار کی مزاج پرسی، نمازِ جنازہ میں حاضری اسے ان سب نیکیوں کا ثواب اسی طرح ملتا ہے جیسے یہ کام کرنے والوں کو ثواب ملتا ہے، اِن شاءَ اللہ الکریم غازی، حاجی، طالب علم دین کا بھی یہ ہی حال ہے۔"

## روزانہ حج کا ثواب

حضرتِ سیِّدُنا حسن بصری رحمۃُ اللہِ علیہ سے منقول ہے: "معتکف کو ہر روز ایک حج کا ثواب ملتا ہے۔" (شُعَبُ الْاِیمان، 3/425، حدیث:3968)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! ❁❁❁ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

(نوٹ: مذکورہ بالا مضمون فیضانِ رمضان، ص227 تا233 سے نقل کیا گیا ہے)

❁------❁------❁------❁------❁

## دعوتِ اسلامی میں اجتماعی اعتکاف کی ابتدا

پیارے اسلامی بھائیو! ہر سال دعوتِ اسلامی کے تحت ہزارہا اسلامی بھائی پورے رمضان المبارک اور آخری عشرے کا اجتماعی اعتکاف کرتے ہیں۔ اس اعتکاف کی بڑی برکتیں ہیں۔ شیخِ طریقت، امیرِ اہلِ سنّت، حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم العالیہ اس اعتکاف کی شروعات اور اپنے پہلے اعتکاف کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں: دعوتِ اسلامی بننے سے شاید تین یا چار سال پہلے جن دنوں میں نور مسجد کاغذی بازار

میں امامت کرتا تھا اُس وقت میں نے اعتکاف شروع کیا اور میں اکیلا ہی اعتکاف میں بیٹھا تھا۔ اکیلے بیٹھنے میں بڑی آزمائش تھی کیونکہ رات کو تو اسلامی بھائی آجاتے اور لیکن صبح وہ سب چلے جاتے اور میں اکیلا رہ جاتا، مسجد کے اوپر کا حصہ جہاں میں رہتا تھا وہ کھلا ہوا تھا اور کبوتروں کی ایک تعداد تھی جو وہاں پھڑ پھڑاتے رہتے تھے، پھر یہ علاقہ میمنوں کا تھا جہاں رمضان کے آخری دس دنوں میں چندہ مانگنے والے مائیک لے کر اعلانات کرتے رہتے تھے جس کی وجہ سے مجھے نیند نہ آتی۔ یہ میرے لیے بڑی آزمائش تھی، میں سو نہیں سکتا تھا اور یونہی کروٹیں بدلتا رہتا تھا۔ مسلسل بے آرامی کی وجہ سے میں بیمار ہو گیا، بخار ہوا اور اُلٹی بھی آئی، قریب تھا کہ میں دل چھوڑ بیٹھتا اور گھر چلا جاتا لیکن اَلْحَمْدُ لِلّٰہ میں نے اعتکاف مکمل کیا۔ پھر اگلے سال میں نے انفرادی کوشش کر کے دو اور اسلامی بھائیوں کو بھی اپنے ساتھ شامل کر لیا اور تیسرے یا چوتھے سال ہی اس مسجد میں ایک ساتھ 28 افراد نے اعتکاف کیا۔ یہ بہت ہی انوکھی چیز تھی اور لوگ ہمیں دیکھنے کے لیے آتے تھے کہ 28 لوگ اور وہ بھی نوجوان اعتکاف میں بیٹھے ہیں۔ دراصل پہلے اعتکاف کا یہ انداز ہوتا تھا کہ محلے والے اعتکاف کے لیے کسی بوڑھے آدمی کو تلاش کر لیتے تھے، اسے دو ٹائم کا کھانا پینا دیتے تھے اور وہ بے چارہ ایک پردہ ٹانک کر تلاوت کرتا رہتا تھا لیکن اس انداز میں اعتکاف ایک بالکل نئی چیز تھی اس لیے اس کی دھوم مچ گئی۔ پھر اس کے بعد دعوتِ اسلامی بھی بن گئی اور ہم نے دعوتِ اسلامی کے سب سے پہلے مرکز گلزارِ حبیب مسجد میں اعتکاف کیا تو وہاں پہلے ہی اعتکاف میں 60 افراد نے اعتکاف کیا۔ چراغ سے چراغ جلتا رہا اور بڑھتے بڑھتے ان کی تعداد ہزاروں تک پہنچ گئی۔ اب تو کچھ سالوں سے ایک ماہ کا اعتکاف بھی ہو رہا ہے اور نہ صرف پاکستان کے مختلف شہروں بلکہ دوسرے ممالک تک اس کا سلسلہ پھیل چکا

ہے۔ لہٰذا یہ کہا جاسکتا ہے کہ اَلحمدُ لِلّٰہ ہزاروں افراد رمضان کے پورے مہینے کا اعتکاف کرتے ہیں اور آخری عشرے میں تو ان کی تعداد اور بھی بڑھ جاتی ہے۔ اب تو اعتکاف کی ایسی بہاریں آچکی ہیں اور اس کا ایسا ڈنکا بجا ہے کہ اب کئی لوگوں کے لیے یہ ہر سال کا معمول بن چکا ہے کہ انہوں نے دس دن کا اعتکاف کرنا ہے، اس کے بغیر انہیں مزہ نہیں آتا۔ اب یہ صرف دعوتِ اسلامی کے ماحول میں ہی نہیں بلکہ دوسری سُنّی مساجد میں بھی اسی انداز میں ذوق وشوق کے ساتھ اعتکاف ہو رہے ہیں گویا لوگوں کا ایک Trend بن چکا ہے کہ رمضان شریف میں اعتکاف کرنا ہے۔ اَلحمدُ لِلّٰہ دعوتِ اسلامی کی ایک سوغات یہ بھی ہے کہ اس نے اعتکاف کے ذوق وشوق کی تجدید کی ہے اور اعتکاف کا وہ جذبہ جو ماند پڑ چکا تھا اسے پھر سے جگا دیا ہے۔

(مدنی مذاکرہ نمبر:132، امیر اہلِ سنّت کی کہانی انہی کی زبانی، قسط4)

## دینی ماحول میں کرلو تم اعتکاف

آئیں گی سنتیں جائیں گی شامتیں ، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
تم سدھر جاؤ گے، پاؤ گے برکتیں ، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
جلوۂ یار کی آرزو ہے اگر، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
میٹھے آقا کریں گے کرم کی نظر، دینی ماحول میں کر لو تُم اعتِکاف
مرضِ عصیاں سے چھٹکارا چاہو اگر، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
آؤ آؤ اِدھر آبھی جاؤ اِدھر دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
چوٹ کھا جائے گا اِک نہ اِک روز دل، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
فضلِ رب سے ہدایت بھی جائے گی مل، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف

فضلِ رب سے گناہوں کی کالک دُھلے، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
نیکیوں کا تمھیں خوب جذبہ ملے، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
گرچہ دل میں ہے فیشن کی اُلفت بھری، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
عمر آیندہ گزرے گی سنَّت بھری، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
بھائی گر چاہتے ہو "نمازیں پڑھوں"، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
نیکیوں میں تمنّا ہے "آگے بڑھوں"، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
تم کو راحت کی نعمت اگر چاہئے، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
بندگی کی بھی لذّت اگر چاہئے، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
موت فضلِ خدا سے ہو ایمان پر، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
رب کی رحمت سے جنّت میں پاؤ گے گھر، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
رحمتیں لُوٹنے کے لئے آؤ تم، دینی ماحول میں کرلو تم اعتِکاف
سنّتیں سیکھنے کے لئے آؤ تم، دینی ماحول میں کرلو تم اعتِکاف
گر تمنّا ہے آقا کے دیدار کی، دینی ماحول میں کر لوتم اعتِکاف
ہوگی میٹھی نظر تم پہ سرکار کی، دینی ماحول میں کر لوتم اعتکاف
آؤ آ کر گناہوں سے توبہ کرو، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
رَحمتِ حق سے دامن تم آ کر بھرو، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
ختم ہوگی شرارت کی عادت چلو، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
دُور ہو گی گناہوں کی شامت چلو، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
بگڑے اَخلاق سارے سنور جائیں گے، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف

بس مزہ کیا مزے کو مزے آئیں گے، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
ولولہ دیں کی تبلیغ کا پاؤ گے، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
فضلِ رب سے زمانے پہ چھا جاؤ گے، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
حُبِّ دنیا سے دل پاک ہو جائیگا، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
جامِ عشقِ محمد بھی ہاتھ آئیگا، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
سنّتیں کھانا کھانے کی تم جان لو، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
مان لو بات اب تو مِری مان لو، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
لینے خیرات تم رحمتوں کی چلو، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
لُوٹنے برکتیں سنّتوں کی چلو، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
پیارے اسلامی بھائی چلے آؤ تم، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
خالی دامن مُرادوں سے بھر جاؤ تم، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
میٹھے آقا کی اُلفت کا جذبہ ملے، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
داڑھی رکھنے کی سنَّت کا جذبہ ملے، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
اِنْ شَاءَ اللہ ہر کام ہوگا بھلا، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
دور ہوگی بَفضلِ خدا ہر بلا، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
سیکھنے کو ملیں گی تمہیں سنّتیں، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
لُوٹ لو آ کر اللہ کی رحمتیں، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
گیت گانے کی عادت نکل جائیگی، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
بے جا بک بک کی خصلت بھی ٹل جائیگی، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف

ساری فیشن کی مستی اُتر جائے گی، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
زندگی سنّتوں سے نکھر جائے گی، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
گر مدینے کا غم چشمِ نم چاہئے، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
مدنی آقا کی نظرِ کرم چاہئے، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
سنّتیں سیکھ لو رحمتیں لُوٹ لو، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
دین کے عِلم کی برکتیں لُوٹ لو، دینی ماحول میں کر لو تُم اعتِکاف
تم گناہوں سے اپنے جو بیزار ہو، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
تم پہ فضلِ خدا، لُطفِ سرکار ہو، دینی ماحول میں کر لو تُم اعتِکاف
ذِکر کرنا خدا کا یہاں صبح و شام، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
پاؤ گے نعتِ محبوب کی دھوم دھام، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
کر کے ہمّت مسلمانو آجاؤ تم، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
اُخروی دولت آؤ کما جاؤ تم، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
درد ٹانگوں میں ہو، دَرد گُھٹنوں میں ہو، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
پیٹ میں درد ہو یا کہ ٹَخنوں میں ہو، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
سنّتوں کی تم آ کر کے سوغات لو، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
آؤ بٹتی ہے رَحمت کی خیرات لو، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
گورِ تیرہ کو تم جگمگانے چلو، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
راحتیں روزِ محشر کی پانے چلو، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
چھوٹ جائے گی فلموں ڈِراموں کی لَت، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف

خوش خدا ہو گا بن جائیگی آخِرت، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
تنگ دستی کا حل بھی نکل آئے گا، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
روزگار ان شاء اللہ مل جائے گا، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
عاشقانِ رسول آؤ دیں گے بیاں ، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
دور ہوں گی عبادات کی خامیاں ، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
باجماعت نَمازوں کا جذبہ ملے، دینی ماحول میں کرلو تم اعتِکاف
دِل کا پژمُردہ غنچہ خوشی سے کِھلے، دینی ماحول میں کر لوتم اعتِکاف
سیکھنے زندگی کا قرینہ چلو، دینی ماحول میں کر لوتم اعتِکاف
دیکھنا ہے جو میٹھا مدینہ چلو، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
ان شاء اللہ بھائی سُدھر جاؤ گے، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
مرضِ عصیاں سے چھٹکارا تم پاؤ گے، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
دل میں بس جائیں آقا کے جلوے مُدام، دینی ماحول میں کر لو تُم اعتِکاف
دیکھو مکّے مدینے کے تم صبح و شام دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
صحبتِ بد میں رہنے کی عادت چُھٹے، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
خصلتِ جُرم و عصیاں تمہاری مِٹے، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
آؤ عشقِ محمد کے پینے کو جام، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
مست ہو کر کرو خوب تم دینی کام، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
زندگی کا قرینہ ملے گا تمہیں، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
آؤ دردِ مدینہ ملے گا تمہیں، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف

آؤ سنّت کا فیضان پاؤ گے تم، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
اِنْ شَاءَ اللّٰہ جنّت میں جاؤ گے تم، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
تم کو تڑپا کے رکھ دے گو دردِ کمر، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
پاؤ گے تم سُکوں ہو گا ٹھنڈا جگر، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
رنگ رَلیاں مَنانے کا چَسکا مِٹے، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
رَقص کی مَحفِلوں کی نُحُوست چھُٹے، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
ڈھول باجوں کو سُننے سے باز آؤ تم، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
فلمی گانے نہ ہرگز کبھی گاؤ تم دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
چھوڑدو چھوڑدو بھائی رِزقِ حرام، دینی ماحول میں کرلو تم اعتِکاف
آؤ کرنے لگو گے بَہُت نیک کام، دینی ماحول میں کرلو تم اعتِکاف
فضلِ رب سے ہو دیدارِ سلطانِ دیں ، دینی ماحول میں کر لوتم اعتِکاف
شادمانی سے جھومے گا قلبِ حَزیں، دینی ماحول میں کر لوتم اعتِکاف
مان بھی جاؤ عطارؔ کی التجا دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف
ہو گا راضی خدا خوش شہِ انبیا، دینی ماحول میں کر لو تم اعتِکاف

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! ❁❁❁ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

## رمضان المبارک کے بارہ حروف کی نسبت سے
## رمضان المبارک کی 12 اچھی اچھی نیتیں

(ان میں سے جن پر عمل کرنے کا ذہن ہو وہ نیتیں کر لیجئے:)

(1) اللہ پاک کو راضی کرنے کے لیے رمضان کریم میں خوب نیکیاں کروں گا۔

(2) تراویح سمیت پانچوں نمازیں، تکبیر اولیٰ کے ساتھ باجماعت پہلی صف میں ادا کرنے کی کوشش کروں گا۔

(3) روزوں کے ظاہری و باطنی آداب کا خیال رکھوں گا۔

(4) اپنے آپ کو گناہوں، برے کاموں، فضول کاموں اور فالتو باتوں سے بھی بچاؤں گا۔

(5) زیادہ سے زیادہ درود و سلام پڑھوں گا۔

(6) پورے ماہ رمضان میں کم از کم ایک بار قرآن کریم ختم کروں گا۔

(7) فرض و واجب صدقات دینے مثلاً فطرہ وغیرہ کے ساتھ ساتھ نفل صدقہ و خیرات بھی کروں گا۔

(8) پڑوسیوں اور سفید پوش رشتے داروں وغیرہ کی مالی مدد کروں گا۔

(9) رمضان کریم کی طاق (ODD) راتوں میں "صلوۃ التسبیح" پڑھوں گا۔

(10) پورے ماہ رمضان یا کم از کم آخری دس دن کا اعتکاف کروں گا۔

(11) اس ماہ مبارک کے آنے کی خوشی اور جانے کا غم دل میں پیدا کرنے کی کوشش کروں گا۔

(12) جتنا ہو سکا باوضو رہوں گا۔ ان شاء اللہ الکریم

خوب اچھی نیتیں ہر کام میں کرتے رہو  رب کو راضی کر کے تم سوئے جناں بڑھتے رہو

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

(نوٹ: اسلامی بہنیں حسب ضرورت ترمیم کر لیں)



www.dawateislami.net

## اعتکاف مجالس

(نوٹ: آخری عشرہ اعتکاف میں ہر جگہ تعداد کے مطابق ہی ضرورتاً مجالس بنائی جائیں۔)

### اعتکاف نگران (9مجالس)

(1)جدول نگران (2)انتظامی امور نگران (3)قافلہ (4)سیکیورٹی مجلس (5)خیر خواہ مجلس (6)خود کفالت (6)رابطہ برائے شخصیات (8)ہفتہ وار اجتماع و مدنی مذاکرہ (9)مجلس کارکردگی۔

### مین مجلس اور ان کے تحت ذیلی مجالس کے نام اور ان کے ذمے کام

| # | مین مجلس | ذیلی مجالس / ذمہ داران |
|---|---|---|
| .1 | جدول نگران (4ذیلی مجالس) | ذمہ داران: ❁ معاون جدول نگران ❁ اعتکاف علاقائی نگران، معاون علاقائی نگران ❁ اعتکاف حلقہ نگران، معاون حلقہ نگران۔<br>ذیلی مجالس: (1)اصلاحِ اعمال (2)عیادت مجلس (3)مدرسۃ المدینہ بالغان (4)احکامِ نماز کا حلقہ |
| .2 | انتظامی امور نگران (15ذیلی مجالس) | ❁ خریداری ❁ صفائی ستھرائی ❁ تیاری طعام ❁ فراہمی طعام ❁ تحفظِ رزق ❁ پینافلیکس / کارڈ ❁ فنانس ❁ روحانی علاج ❁ ڈسپینسری ❁ خوشبو مجلس ❁ امانت و گمشدہ سامان کاؤنٹر ❁ مکتبۃ المدینہ اسٹال ❁ کینٹین ❁ مسجد سے متعلقہ انتظامی امور ❁ جوتا اسٹینڈ |

| | | |
|---|---|---|
| .3 | قافلہ (5ذیلی مجالس) | ❁ نیت مجلس ❁ استقبالیہ ❁ تصدیق مجلس ❁ دار السنہ ❁ چاند رات قافلے |
| .4 | سیکیورٹی مجلس (3ذیلی مجالس) | ❁ سیکیورٹی ❁ پارکنگ ❁ CCTV |
| .5 | خیر خواہ مجلس | ❁ خیر خواہ مجلس |
| .6 | خود کفالت (3ذیلی مجالس) | ❁ خود کفالت ❁ لنگرِ رضویہ ❁ ڈونیشن کاؤنٹر |
| .7 | رابطہ برائے شخصیات | ❁ رابطہ برائے شخصیات |
| .8 | ہفتہ وار اجتماع و مدنی مذاکرہ (3ذیلی مجالس) | ❁ افطار اجتماعات ❁ رمضان مدنی مذاکرے ❁ رمضان کے ہفتہ وار اجتماعات |
| .9 | مجلس کارکردگی (4ذیلی مجالس) | ❁ اعتکاف سے متعلقہ کارکردگیاں ❁ فیڈبیک ❁ ڈیٹا انٹری ❁ 26ویں شریف کی نیتیں" |

## 1. اعتکاف نگران

### 1.1. اعتکاف سے پہلے کے کام

❁ اعتکاف کے لئے منتخب کردہ مقام کا وزٹ کرنا۔

❁ اعتکاف کے مقام پر 9رکنی مجلس اور اِن کے تحت ذیلی مجالس پر فعال ذمہ داران مقرر کرنا/کروانا۔

- اعتکاف نگران کے پاس تمام اراکین کے نام، رابطہ نمبر اور ذمہ داریوں کی تفصیل تحریری طور پر ہونی چاہئے۔
- اعتکاف کے مقام سے متعلقہ ٹاؤن / یو سی نگران سے اعتکاف کی تیاری سے متعلق مدنی مشورہ کرنا۔
- جامعۃ المدینہ و مدرسۃ المدینہ، دار المدینہ اور مدرسۃ المدینہ بالغان میں جا کر طلباء و اساتذہ کرام کو اعتکاف کی دعوت دینا۔ جامعۃ المدینہ و مدرسۃ المدینہ کے 12 دینی کاموں کے ذمہ داران سے بھی مشاورت ہو تو بہتر ہے۔
- اعتکاف کی نیت کرنے والوں کا ڈیٹا موبائل ایپ میں انٹر کروانا اور اس کا جائزہ لینا۔
- معتکفین کی متوقع تعداد کے مطابق بنیادی ضروریات مثلاً غُسل خانے، استنجاء خانے، وضو خانے وغیرہ چیک کرنا اور کسی کمی / کمزوری کی صورت میں متعلقہ ایڈمن / ناظم سے پیشگی حل کروانا۔
- اعتکاف کے مقام پر بجلی کے متبادل یو-پی-ایس یا جنریٹر کا انتظام کروانا۔
- فیضانِ مدینہ (مدنی مراکز) میں ضرورتاً خادمین، سیکیورٹی گارڈ اور باورچی وغیرہ مقرر کرنا۔ (نوٹ: خادمین و باورچی شعبہ فیضانِ مدینہ (مدنی مراکز) کے طریقہ کار کے مطابق ناظم الاُمور کے تحت ہوں گے)
- HR کے طے شدہ طریقہ کار کے مطابق 1 ماہ / آخری عشرے کا اعتکاف کروانے والے مبلغین کا ضرورتاً اجارہ یا خیر خواہی کی ترکیب کرنا۔

### 1.2. اعتکاف کے دوران کے کام

- اعتکاف کی مین مجالس کے مشورے کرنا، ضرورتاً اِن کے تحت ذیلی مجالس کو مشاورت

میں شامل کرنا، مدنی مشوروں میں نظام کو بہتر کرنے اور جائزہ کے دوران آنے والی کمزوریوں کو دور کرنے کے اقدامات کرنا۔

- وقتاً فوقتاً اعتکاف کے حلقوں میں جانا، اعتکاف کو جدول کے مطابق چیک کرنا اور ضرورتاً مسجد کے آداب بتانا۔
- روزانہ کی بنیاد پر صفائی کے انتظامات چیک کرنا اور کمزوری کی صورت میں متعلقہ ایڈمن / ناظم کی معاونت سے بہتر کرنا۔
- روزانہ کھانے کا معیار چیک کرنا اور بیمار عاشقانِ رسول کے لئے پرہیزی کھانے کا انتظام کروانا۔
- حلقوں کی تقسیم کاری کے مطابق اسلامی بھائیوں کو چیک کرنا اور حکمتِ عملی کے ساتھ اپنے اپنے حلقے میں بیٹھنے کا ذہن دینا۔
- معتکفین کی طرف سے ملنے والے فیڈبیک پر متعلقہ اعتکاف مجلس سے مشورہ کرنا اور بہتر حل تلاش کرنا۔

## 2. جدول نگران

- معتکفین کو کتاب فیضانِ رمضان سے اعتکاف کی نیتیں کروانا، جدول پر عمل کی اہمیت ،ضرورت، فوائد بتانا اور 100٪ عمل کروانے کی بھرپور کوشش کرنا۔
- اعتکاف نگران کی مشاورت سے معاون جدول نگران کا تقرر کرنا۔
- معتکفین کی تعداد کے مطابق علاقائی نگران، معاون علاقائی نگران، حلقہ نگران، معاون حلقہ نگران اور ذیلی مجالس مثلاً اصلاحِ اعمال، عیادت مجلس وغیرہ کے ذمہ داران مقرر کرنا۔

- حتی الامکان ذیلی مجالس کے لئے "مدنی" اور تنظیمی ذمہ داران کا تقرر کرنا۔
- اپنے تحت ذمہ داران کی کاموں کے حوالے سے رہنمائی کرنا اور ان کے مسائل حل کرنا۔

### 2.1. معاون اعتکاف جدول نگران

- طے شدہ اوقاتِ کار اور طریقہ کار کے مطابق اعتکاف جدول چلانے میں جدول نگران کی معاونت کرنا اور اس کی غیر موجودگی میں جدول چلانا۔

### 2.2. اعتکاف علاقائی نگران

(جدول نگران، اعتکاف نگران کی مشاورت سے اعتکاف علاقائی نگران کا تقرر کریں)۔

- 10 سے 12 معتکفین پر مشتمل ایک حلقہ بنا کر اس پر ایک نگران مقرر کرنا۔
- حلقہ نگران "سنجیدہ، بااخلاق، ملنسار اور اسلامی بھائیوں کو ساتھ لے کر" چلنے والا ہونا چاہئے۔(حلقہ نگران 12 ماہ والا یا کسی بھی سطح اور شعبے کا تنظیمی ذمہ دار ہو تو بہتر ہے)
- روزانہ کی بنیاد پر حلقہ نگرانوں سے کارکردگی لینا۔
- حلقہ نگرانوں سے اعتکاف سے متعلق آنے والے مسائل سننا اور ان کا بروقت حل کروانا۔
- جدول نگران / اعتکاف نگران کی مشاورت سے ضرورتاً معتکفین کے حلقے و حلقہ نگران کی تبدیلی کرنا۔
- کسی شرعی عذر کے سبب اگر کسی کا اعتکاف ٹوٹ جائے اور وہ اعتکاف سے چلا جائے تو فوراً ان سے رابطہ کرنا اور انہیں واپس اعتکاف کروانے کی کوشش کرنا۔

نوٹ:۔ ضرورت کے پیشِ نظر حلقوں کی تعداد یا حلقہ نگران کی تعداد میں کمی بیشی کی جا

سکتی ہے۔

### 2.3. اعتکاف حلقہ نگران

- اعتکاف علاقائی نگران کی طرف سے دیے ہوئے کاموں پر عمل کرنا۔
- معتکفین کا سامان اچھے انداز میں مقررہ جگہ (مثلاً دو ستونوں کے درمیان / ہال کی پچھلی جانب کسی دیوار کے ساتھ وغیرہ) پر رکھوانا۔
- معتکفین کو دعوتِ اسلامی کے شعبہ جات (جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دارالمدینہ، دارالافتاء اہلسنت اور FGRF وغیرہ)، موبائل ایپلی کیشنز (Islam ،Prayer Time For Ever، صراط الجنان، فتاویٰ رضویہ، بہارِ شریعت وغیرہ) اور ویب سائٹس کا تعارف کروانا۔
- معتکفین کو ہر سال رمضان اعتکاف (1 ماہ / آخری عشرہ) کرنے کا ذہن دینا اور اِن کو دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول سے وابستہ رہتے ہوئے ہفتہ وار اجتماع وہفتہ وار مدنی مذاکرہ، قافلہ اور مدرسۃ المدینہ بالغان وغیرہ میں شرکت کرتے رہنے کی ترغیب دلانا۔
- معتکفین کو ترغیب دِلائیں کہ وہ اپنے رشتہ داروں اور متعلقین کو دعوتِ اسلامی کے اداروں مثلاً مدرسۃ المدینہ (گرلز / بوائز)، جامعۃ المدینہ (گرلز / بوائز) اور دار المدینہ ، فیضان آن لائن اکیڈمی وغیرہ میں داخل کروائیں۔
- معتکف کی طبیعت خراب ہونے / ایمرجنسی کی صورت میں اعتکاف نگران کو فوری اطلاع کرنا۔
- معتکفین کو طے شدہ طریقہ کار کے مطابق سُلانا اور بیدار کرنا۔
- سحری و افطاری کے لیے عاشقانِ رسول کو حلقہ وائز بٹھانا۔

## 2.4. اصلاح اعمال

- "**ماہِ رمضان ماہِ نیک اعمال**" تنظیمی طور پر طے شدہ ہے۔ ایک ایک معتکف تک نیک اعمال کا رسالہ پہنچانا۔
- معتکفین میں نیک اعمال کے رسائل تقسیم کرنے کے ساتھ ساتھ موبائل ایپ کا تعارف کروانا اور انسٹال (Install) کروانا۔
- معتکفین کو روزانہ اپنے اعمال کا جائزہ لینے اور اس سے حاصل ہونے والے فوائد سے آگاہ کرنا۔
- امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کی جانب سے ملنے والی مختلف دینی تحریکوں (مثلاً، نمازی بناؤ تحریک، فیضان مسواک، تلاوت و درود خوانی وغیرہ) کے متعلق معلومات فراہم کرنا۔
- دوران اعتکاف معتکفین کو دینی تحریکوں میں سے جن پر عمل ہو سکے، ان پر عمل کروانا۔
- معتکفین کو بعد اعتکاف بھی نیک اعمال کے رسائل کا روزانہ جائزہ لینے اور ہر عیسوی ماہ کی پہلی تاریخ کو نیک اعمال کا رسالہ جمع کروانے کا ذہن دینا۔

## 2.5. عیادت مجلس

- عیادت مجلس میں سے اعتکاف کے مقام پر کم از کم ہر وقت 2 اسلامی بھائیوں کا موجود ہونا۔
- معتکفین میں سے کسی کی طبیعت ناساز ہونے کی صورت میں مریض کو ڈاکٹر سے چیک اپ کروانا۔
- بیمار اسلامی بھائیوں کو میڈیسن دینا اور اُن کے لئے پرہیزی کھانے کا انتظام مجلس لنگرِ رضویہ کے ذریعے کروانا۔

- حلقہ نگرانوں کو ایمرجنسی کی صورت میں رابطہ کرنے کیلئے عیادت مجلس کا نمبر دینا۔

### 2.6. مدرسۃ المدینہ بالغان

- حاضری رجسٹر میں معتکفین کا اندراج اور روزانہ حاضری لگانا۔
- نصاب "قرآن سیکھئے (حصہ 1)" سے جدول کے مطابق روزانہ ایک آیت کا ترجمہ و تفسیر پڑھ کر سنانا۔
- پڑھنے والوں کی صلاحیت کے مطابق مدنی قاعدے کے سبق کی ترکیب کرنا۔
- روزانہ ہر طالبعلم سے انفرادی طور پر سبق سننا۔
- نصاب "قرآن سیکھئے (حصہ 1)" سے جدول کے مطابق معنی کی تبدیلی کی مثالیں بیان کرکے تجوید کی اہمیت اور درست قرآن کریم پڑھنے کی ترغیب دلانا۔
- نوٹ: معتکفین کو مکمل مدنی قاعدہ، آخری 10 سورتیں اور مکمل اذکارِ نماز یاد کروانے کی کوشش کرنا۔

### 2.7. احکامِ نماز کا حلقہ

- احکامِ نماز کا حلقہ دارالافتاء اہلسنت کے مفتی صاحب / مدنی اسلامی بھائی / کوئی اہل اسلامی بھائی ہی لگائیں۔

## 3. انتظامی امور

### 3.1. لائٹ

- اعتکاف میں تعداد اور ضرورت کے مطابق لائٹس کا انتظام کرنا اور اعتکاف ہال / مسجد میں لائٹس لگانا اور ایونٹ کے بعد اتارنا۔
- پاور مینجمنٹ اور سیفٹی چیک کرنا تاکہ کوئی الیکٹریکل مسئلہ نہ ہو۔

- ٹیکنیکل خرابیوں کو فوری حل کرنا(لائٹ یا کیبل خراب ہونے پر متبادل کا انتظام رکھنا)
- الیکٹریکل اوزار کِٹ(Instrumental Kit)درست حالت میں مکمل رکھنا۔
- لائٹ بند ہونے کی صورت میں جنریٹر یاUPS کے ذریعے فوراً بجلی کی فراہمی یقینی بنانا۔

### 3.2. ساؤنڈ

- افطار اجتماع، ہفتہ وار اجتماع، مدنی مذاکرے، اعتکاف کے حلقوں اور لائیو ایونٹس وغیرہ میں ساؤنڈ سسٹم متوازن رکھنا۔ اگر ساؤنڈ سسٹم میں کوئی تکنیکی خرابی ہو تو اسے فوری حل کرنا(ساؤنڈ سے متعلقہ ایمرجنسی سامان کا انتظام رکھنا مثلاً مائیک وغیرہ)۔
- معتکفین اور دیگر عاشقان رسول کی تعداد زیادہ ہونے کی صورت میں اضافی ساؤنڈ سسٹم کا انتظام کرنا۔

### 3.3. جوتا اسٹینڈ

- معتکفین اور نمازیوں کے جوتوں کی حفاظت کے لیے ریکس، ٹوکن اور جوتا اسٹینڈ کا پیشگی انتظام کرنا۔
- نمازیوں کو جوتا رکھنے پر اس کا ٹوکن نمبر دینا اور واپسی پر ٹوکن وصول کر کے جوتا دینا۔
- جوتا اسٹینڈ کے اوقاتِ کار اور کسی مسئلے کی صورت میں رابطہ وغیرہ کے لئے پرنٹ شدہ تحریر چسپاں کرنا۔
- جوتا پہننے اور اتارنے کے لئے بیٹھنے کا مناسب انتظام کرنا۔
- جوتا اسٹینڈ سے مسجد تک میٹ بچھانا۔

### 3.4. خریداری

- اعتکاف نگران کے تصدیق شدہ فارم کے مطابق سامان کی خریداری کرنا اور سامان

متعلقہ ذمہ دار کے حوالے کرنا۔

- اعتکاف کے لیے جو سامان آرڈر پر تیار کروایا جاتا ہے اس کا ڈیلی فالو اپ کرنا اور متعلقہ ذمہ دار کو اپڈیٹ کرنا۔
- خریدی گئی اشیاء کی میعاد(Expiry Date)چیک کرنا۔
- خریدے ہوئے سامان کے بل کے مطابق GRN("Goods Receipt Note")بنوانا اور متعلقہ ذمہ دار کو اپڈیٹ کرنا۔
- تمام بل مع GRN اعتکاف فنانس ذمہ دار کو جمع کروانا۔

## 3.5. صفائی ستھرائی

- مسجد کے کارپٹ / دریاں،لائٹ،پنکھے،شیشے،چھت، سیڑھیوں اور کھڑکیوں کی صفائی کروانا، کمی کی صورت میں متعلقہ ایڈمن / ناظم الامور کی مدد سے خادمین کی تربیت کرنا۔
- وضو خانہ،واش رومز کی صفائی چیک کرنا، کمی کی صورت میں متعلقہ اسلامی بھائی کو تفہیم کرنا۔
- وضو خانوں پر صابن رکھوانا اور ضرورتاً گیزر(Geysers)چلوانا۔
- معتکفین کے سامان اور بستروں کی حفاظت کے ساتھ متعلقہ جگہ پر ترتیب لگوانا۔
- سحری اور افطاری کے لیے برتن وغیرہ دھلوانا اور ڈسپوزایبلDisposable دستر خوان کا اہتمام کرکے متعلقہ جگہ پر رکھوانا نیز کچن کی صفائی ستھرائی کروانا۔
- کھانے والی جگہ کی اچھی طرح صفائی کروانا۔
- واٹر پلانٹ / واٹر کولر کو روزانہ چیک کرنا اور ان کی صفائی کروانا۔

- خادمین کے لباس وغیرہ کی صفائی ستھرائی اور معتکفین کے ساتھ اچھے اخلاق سے پیش آنے کے حوالے سے تربیت کرنا۔

### 3.6. تیاریِ طعام

- اس مجلس کے ذمہ داران کے لیے یہ رسالہ پڑھنا بہت فائدے مند ہو گا۔ **"کھانے اور کھلانے کے بارے میں سوال جواب"**۔(یہ رسالہ دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ www.dawateislami.net سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے)
- معتکفین اور اعتکاف سے متعلقہ مجالس کی تعداد کے مطابق سحری اور افطاری کے لیے کھانا بروقت تیار کروانا۔
- کچن میں کام کرنے والے تمام اسلامی بھائیوں کو شیف کیپ، گلوز وغیرہ پہننے کا پابند کرنا۔
- گوشت، دودھ، اور دیگر حساس اشیاء کو مناسب درجہ حرارت پر محفوظ کرنا۔
- روزانہ سحری و افطاری کے کھانے کا معیار (Standard) چیک کرنا اور کمی بیشی کی صورت میں متعلقہ ذمہ دار کو اطلاع / تنبیہ / تفہیم کرنا۔
- کھانا بچ جانے کی صورت میں اُسے محفوظ کرنا۔
- کچن میں برتن اور دیگر سامان باحفاظت رکھوانا۔
- کھانے پینے والی اشیاء (Grocery Items) کا مکمل ریکارڈ بنانا اور روزانہ اپڈیٹ کرنا۔
- کھانے کے حوالے سے موصول ہونے والی شکایات (Complaints) کا بروقت حل کرنا۔

### 3.7. فراہمی طعام

- اس مجلس کے ذمہ داران کے لیے یہ رسالہ پڑھنا بہت فائدے مند ہو گا۔ **"کھانے اور**

**کھلانے کے بارے میں سوال جواب"۔**

- تیار شدہ کھانا تیاری طعام مجلس سے بروقت وصول کرنا۔
- سحری اور افطاری کے لیے بروقت دستر خوان اور برتن وغیرہ لگوانا اور کھانا طے شدہ ٹائم پر معتکفین کو پیش کرنا۔
- افطاری کے سامان اور پانی کی پیشگی تیاری کروانا۔
- معتکفین کو ترتیب کے ساتھ حلقہ وائز دستر خوان پر بٹھانا اور نظم و ضبط کے ساتھ کھانا تقسیم کرنا۔
- برتنوں کا مکمل ریکارڈ بنانا اور اسے اپڈیٹ کرنا نیز خراب سامان علیحدہ کرنا۔

### 3.8. پینا فلیکس اور کارڈ مجلس

- مسجد کے آداب اور اعتکاف کی شرعی احتیاطوں پر مشتمل طے شدہ مدنی پھولوں کے پینا فلیکس لگوانا۔
- اعتکاف کے حلقوں کے نمبر لگانا۔
- رمضان کے بعد تمام پینا فلیکس بحفاظت اتار کر اسٹور میں رکھوانا۔

### 3.9. اعتکاف فنانس

- رسالہ **"چندہ کرنے کی تنظیمی و شرعی احتیاطیں"** اور کتاب **"چندے کے بارے میں سوال جواب"** پڑھنا بے حد مفید رہے گا۔
- اعتکاف کی آمدن اور اخراجات کا حساب رکھنا۔
- رمضان اعتکاف میں شرکاء کی تعداد کے مطابق اخراجات کا بجٹ بنانا۔
- معتکفین اور اعتکاف کے اراکینِ مجالس کو عطیات جمع کرنے کی ترغیب دِلانا۔

- معتکفین میں فطرہ وزکوۃ وصولی مہم چلانا۔
- اعتکاف کے اراکینِ مجالس کی ای رسید آئی ڈی بنوانا۔
- مینول رسید بکس تقسیم کرنا اور اِس کا مکمل ریکارڈ بنانا۔
- اعتکاف کے لئے جمع ہونے والے عطیات کی ڈی ایم بنانا اور ڈونر کو رسید پیش کرنا۔
- 29 رمضان کو ذمہ داران وعاشقانِ رسول سے رسید بکس مع عطیات وصول کرنا۔
- اعتکاف میں ہونے والی تمام خریداری کا مکمل حساب لینا اور کلیئر کرنا۔

### 3.10. گم شدہ سامان وامانت کاؤنٹر

- اعتکاف میں ملنے والا سامان بحفاظت محفوظ کرنا۔
- ملنے والے سامان کا ریکارڈ بنانا۔(کس کے ذریعے سے؟ کیا سامان ملا؟ کس تاریخ کو اور کہاں سے ملا وغیرہ)
- ملنے والے سامان کے حوالے سے مناسب وقت پر معتکفین کو آگاہ کرنا۔
- جس کا سامان ہو اُس کی مکمل تصدیق کرنے کے بعد سامان واپس کرنا۔(مثلاً کسی کی گھڑی گُم ہوئی تھی تو کس کمپنی کی تھی؟ کس کلر کی تھی وغیرہ پوچھنا)۔
- ہر امانت کا اندراج کرنا۔
- امانت جمع کروانے والے کا نام، رابطہ نمبر، امانت کی نوعیت، مقدار اور جمع کروانے کی تاریخ درج کرنا۔
- امانت جمع کروانے والے کو رسید دینا(جس پر امانت کی تفصیلات درج ہوں)۔
- امانت کاؤنٹر پر صرف متعلقہ افراد کو ہی آنے کی اجازت دینا۔
- امانت کاؤنٹر پر بیٹھنے والے ذمہ دار کا مکمل ریکارڈ بنانا(مثلاً نام، رابطہ نمبر، آئی ڈی کارڈ وغیرہ

لینا)۔

- وصول کنندہ سے رسید پر دستخط کروانا، تاریخ درج کرنا اور اس کا ریکارڈ اپنے پاس بھی محفوظ رکھنا۔
- امانت کی درستگی اور حالت کو چیک کر کے حوالے کرنا۔

### 3.11. روحانی علاج

- اعتکاف کے مقام پر روحانی علاج کا بستہ لگوانا / لگانا۔
- روحانی علاج کے بستے کا وقتاً فوقتاً جائزہ لینا اور کمی بیشی دور کروانا۔
- معتکفین کو روحانی علاج ایپ، ویب سائٹ، گوگل لوکیشنز، واٹس ایپ نمبر، استخارہ، کاٹ وغیرہ کا تعارف پیش کرنا۔
- معتکفین میں سے **بیعت یا طالب** ہونے والوں کے نام جمع کرنا اور ان کو بیعت نامے / مکتوبات پہنچانا نیز بیعت / طالب ہونے کی موبائل سروس سے آگاہ کرنا۔(کسی اجازت یافتہ کے ذریعے ہاتھوں ہاتھ بیعت کی ترکیب کی جاسکتی ہے، بیعت کا مکتوب چاہے مجلس کی طرف سے بعد میں بھیج دیا جائے)۔

### 3.12. ڈسپنسری / میڈیکل سہولت

- اعتکاف کے مقام پر معتکفین کی خیر خواہی کے لیے عارضی میڈیکل کیمپ / ڈسپنسری کی سہولت کا انتظام کرنا۔
- میڈیکل کے انتظامات کا روزانہ کی بنیاد پر جائزہ لینا، مسائل بروقت حل کرنا۔
- مریضوں کے لئے ضروری میڈیسن کی فراہمی یقینی بنانا۔
- ڈسپینسری کے اوقاتِ کار کسی نمایاں جگہ پر لکھ کر لگانا۔

### 3.13. خوشبو مجلس

- رسالہ: "**مسجدیں خوشبودار رکھیے**" پڑھنا بہت مفید رہے گا۔(یہ رسالہ دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ www.dawateislami.net سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے)۔
- مسجد اور مدنی مذاکرے میں اعتکاف نگران کی مشاورت سے خوشبو مثلاً لوبان وغیرہ سُلگانا۔

### 3.14. مکتبۃ المدینہ اسٹال

- اعتکاف کے مقام پر مکتبۃ المدینہ کا اسٹال لگوانا۔(اسٹال خارجِ مسجد میں لگایا جائے کیونکہ مسجد وفنائے مسجد میں خرید وفروخت کی اجازت نہیں)۔
- اسٹال سے متعلقہ مسائل بروقت حل کروانا۔
- اسٹال پر بالخصوص اعتکاف سے متعلقہ کتابیں،رسائل اور دیگر ضروری سامان کی بروقت فراہمی یقینی بنانا۔

### 3.15. کینٹین

- کینٹین کے اوقاتِ کار کسی نمایاں جگہ پر لکھ کر لگانا۔(نماز وتراویح کے اوقات میں کینٹین بند رکھی جائے)۔
- اعتکاف کے مقام پر معتکفین کی سہولت کے لیے شرعی وتنظیمی رہنمائی کے ساتھ کینٹین کا انتظام کرنا۔
- مناسب قیمت اور کھانے پینے والی معیاری اشیاء کا جائزہ لینا،بالخصوص Expiry Date وقتاً فوقتاً چیک کرنا۔
- صفائی ستھرائی کا خاص خیال رکھنا۔

- کینٹین والے کا معتکفین سے اچھے انداز میں بات چیت کرنا اور حتی الامکان ان کی ضروریات پوری کرنا۔

### 3.16. مسجد سے متعلقہ انتظامی امور

- اعتکاف والی مسجد کے سامان (کارپٹ، دریاں، کرسیاں اور دیگر سامان وغیرہ) کی حفاظت کرنا/کروانا۔
- معتکفین کا سامان منظم انداز کے ساتھ طے شدہ جگہ پر رکھوانا، بالخصوص جماعت کے وقت اس کا زیادہ اہتمام کیا جائے (تاکہ کوئی صف منقطع نہ ہو)۔
- مسجد کی کرسیاں اور سُترہ وغیرہ اپنی جگہ پر رکھوانا۔
- فیضان مدینہ (مسجد) کے اندر، باہر، مسجد، بیسمنٹ اور گیلری وغیرہ کی لائٹس اور پنکھے چیک کرنا نیز فضول چلتی لائٹس اور پنکھے بند کروانا۔
- سحری و افطاری مسجد (عینِ مسجد) میں ہونے کی صورت میں مسجد کے آداب کا بہت زیادہ خیال کرتے ہوئے سحری و افطاری کروانا۔
- موسم کے مطابق نمازیوں اور معتکفین کے لیے مناسب انتظامات (اے سی/ہیٹر وغیرہ) کرنا۔
- مسجد کے کارپٹ، لائٹ، پنکھے، شیشے اور کھڑکیوں کی صفائی چیک کرنا اور ضرورتاً صفائی کروانا۔
- مخصوص شعبہ جات مثلاً روحانی علاج، اسپیشل پرسنز، مدرسۃ المدینہ بالغان وغیرہ کے بستے مسجد میں لگنے کی صورت میں ان کا متعلقہ ضروری سامان (ٹیبل، پینا فلیکس وغیرہ) ترتیب کے ساتھ رکھوانا۔

- مسجد کے اندر جوتوں کے لیے رکھے گئے ریکس متعلقہ جگہ پر صاف کروا کر رکھوانا۔
- وقتاً فوقتاً مسجد کی قرآن پاک والی الماریوں (Cupboards) کا جائزہ لینا۔
- غیر متعلقہ تراجم و تفاسیر، شہید اوراق وغیرہ شعبہ تحفظِ اوراقِ مقدسہ کے سپرد کرنا۔

### 3.17. تحفظِ رزق

- اس مجلس کے ذمہ داران کو یہ رسائل پڑھنا انتہائی معاون و مددگار ہوگا (1) کھانے کا اسلامی طریقہ (2) کھانے کی 5 سُنتیں (3) کھانے میں برکت پانے کے طریقے۔
- اعتکاف میں کھانا ضائع ہونے سے بچانا اور اضافی کھانا بچ جانے کی صورت میں محفوظ کرنا / دوبارہ استعمال میں لانا۔
- معتکفین، خادمین و دیگر ذمہ داران کو کھانا ضائع ہونے سے بچانے کا ذہن دینا، کھانے کے آداب بیان کرنا
- بچا ہوا کھانا شرعی رہنمائی کے ساتھ درست مصرف میں استعمال کروانا۔

## 4. قافلہ

### 4.1. استقبالیہ

- اعتکاف کے لئے آنے والے عاشقانِ رسول کو خوش آمدید کہنے کے لیے کسی مناسب مقام پر خوش آمدید کا پینا فلیکس لگانا۔
- اعتکاف سے متعلقہ ضروری معلومات فراہم کرنا۔
- اعتکاف کرنے والے عاشقانِ رسول کو ڈیٹا انٹری فارم دینا۔
- فارم پُر کرنے کے حوالے سے اِن کی معاونت کرنا۔
- معتکفین کے کارڈ بنوانا۔

### 4.2. تصدیق مجلس

- اعتکاف میں آنے والے اسلامی بھائیوں کا داخلہ فارم چیک کرنا، تصدیق کرنا، ضرورتاً متعلقہ ذمہ داران سے رابطہ کرنا۔
- اعتکاف میں دائمی مریض، کم عمر، بزرگ، کرمنل کیسز وغیرہ کی جانچ پڑتال کرنا۔

### 4.3. نیت مجلس

- مختلف اوقات میں معتکفین سے مبلغ / جدول نگران / علاقائی نگران / حلقہ نگران کے بیان و ملاقات و انفرادی کوشش کے ذریعے اچھی اچھی نیتیں کرنے والوں کے نام اور نیت لکھنا۔
- معتکفین کو 3 دن / 12 دن / ایک ماہ / 12 ماہ کے قافلوں میں سفر کے لئے تیار کرنا۔
- تیار ہونے والوں کی نیتیں نیت ایپ میں اپڈیٹ کروانا۔ (نام، نمبر، ایڈریس اور نیتوں کے ساتھ مکمل ریکارڈ محفوظ رکھنا)۔

### 4.4. دارالسنہ

- عاشقانِ رسول کی چاندرات کے قافلوں سے متعلق رہنمائی کرنا۔
- شعبہ قافلہ کے تحت ہونے والے دینی کاموں کی معلومات فراہم کرنا۔
- قافلوں میں سفر کے لئے تیار ہونے والوں کی نیت ایپ میں انٹری کرنا۔
- چاندرات کے قافلوں کی سمتیں، امیر قافلہ / معاون امیر قافلہ متعین کرنا۔
- ضروری سامان اور سمتوں کے مطابق سفر کے حوالے سے رہنمائی کرنا۔

### 4.5. چاندرات قافلہ

- چاندرات کے قافلوں میں سفر کے لیے اعتکاف میں انفرادی کوشش کرنا، نیتیں کروانا

اور نام ورابطہ نمبر لکھنا۔

- نیت کرنے والوں کی ضروری معلومات (نام، نمبر، ایڈریس، نیت وغیرہ) اپنے پاس محفوظ رکھنا۔
- قافلے میں سفر کی نیت کرنے والوں کو وقتاً فوقتاً یاددہانی کروانا اور فالو اپ کرتے رہنا۔

## 5. سیکیورٹی مجلس

### 5.1. سیکیورٹی

- اس مجلس کے تمام ذمہ داران کیلئے رسالہ "**احترامِ مسلم**" پڑھنا اِنتہائی فائدے مند ہو گا۔ ان شاء اللہ الکریم
- اعتکاف میں تعداد کے مطابق سیکیورٹی ڈیوٹی کرنے والوں کا جدول / شفٹیں بنانا۔ (Time to Time Schedule)
- رمضان المبارک میں اجتماعی اعتکاف کے دوران ضرورتاً حفاظتی اقدامات کروانا۔
- معتکفین کی تعداد کے مطابق حفاظتی عملہ مقرر کرنا۔
- سیکیورٹی کو مضبوط بنانے کیلئے دیگر شعبہ جات (فیضان مدینہ اور جامعۃ المدینہ وغیرہ) سے معاونت لینا۔
- سیکیورٹی سے متعلقہ تمام مسائل شرعی و تنظیمی رہنمائی سے حل کرنا / کروانا۔
- سیکیورٹی کے مسائل و معاملات پر حفاظتی عملہ کی وقتاً فوقتاً رہنمائی کرنا۔
- سیکیورٹی سے متعلقہ تمام سامان (واک تھرو گیٹ (Walk Through Gate) اور میٹل ڈیٹیکٹر (Metal Detector) وغیرہ) کا انتظام کرنا۔

### 5.2. پارکنگ

- اجتماعی اعتکاف کے لئے پارکنگ ایریا کا انتخاب کرنا۔
- پارکنگ میں موجود ہر گاڑی / رکشہ کا ٹوکن دینا۔
- گاڑی / سائیکل / موٹر سائیکل پارکنگ میں ترتیب سے لگوانا۔
- داخلی و خارجی راستے الگ الگ ہونا زیادہ بہتر ہے۔

### 5.3. سی سی ٹی وی

- سیکیورٹی اقدامات کے لئے اعتکاف کے مقام کا سروے کرنا اور اس کے مطابق سیکیورٹی کیمروں کا اہتمام کرنا۔
- سی سی ٹی وی کیمروں کی سمت(Direction)، تعداد و دیگر اقدامات کے حوالے سے متعلقہ نگران سے مشاورت کرنا۔
- ضرورتاً سیکیورٹی سے متعلقہ سامان (CCTV کیمرے و دیگر لوازمات وغیرہ) کی خریداری کے لئے مشاورت کرنا اور تنظیمی، شرعی و قانونی اجازت لینا۔
- سی سی ٹی وی کیمروں کو کنٹرول کرنے کے لئے کنٹرول روم کا انتظام کرنا۔
- اجتماعی اعتکاف کے دوران کیمروں کی مدد سے چیکنگ کے لیے آپریٹر کا ہر وقت موجود رکھنا۔
- داخلی اور خارجی راستوں کی شناخت کرنا۔
- سی سی ٹی وی کیمروں، سیکیورٹی گارڈز، اور دیگر حفاظتی اقدامات کا جائزہ لینا۔
- کسی بھی کمزور پہلو(Weak Points) کا تجزیہ کرنا۔
- سیکیورٹی کیمروں، موشن سینسرز اور دیگر برقی نگرانی کے نظام کو چیک کرنا۔

- کسی بھی ممکنہ خطرے کی قبل از وقت اطلاع کرنا اور اس سے بچانے کی کوشش کرنا۔

## 6. خیر خواہ مجلس

### 6.1. خیر خواہی

- مجلس خیر خواہ، شعبہ محبتیں بڑھاؤ کے سپرد ہے۔
- خیر خواہی کے لئے الگ الگ مقامات (عین مسجد، صحن مسجد، وضو خانہ، کینٹین، بیسمنٹ اور حلقہ وغیرہ) پر خیر خواہ مقرر کرنا۔
- اذان ہوتے ہی معتکفین کو بیدار کرنا۔
- مسجد میں شور مچانے، وضو خانے اور کینٹین پر بے جا بیٹھنے، نیز اِدھر اُدھر گھومنے سے منع کرکے نرمی و شفقت کیساتھ اعتکاف کے جدول میں شرکت کروانا۔
- نمازِ باجماعت، تراویح، بیانات، مدنی مذاکروں، تربیتی حلقوں اور صلوٰۃ التسبیح وغیرہ میں شرکت کی نرمی و حکمتِ عملی سے دعوت دینا۔
- خیر خواہ مجلس کے عاشقانِ رسول کی 2 شفٹوں (فجر تا عشاء اور عشاء تا اشراق و چاشت) میں تقسیم کاری کرنا۔ (اوقاتِ کار میں ضرورتاً تبدیلی بھی ہوسکتی ہے)
- پانچوں نمازوں، نمازِ جمعہ، تراویح اور دیگر نوافل میں صفیں مکمل کروانا۔
- صفوں کے درمیان سامان ہو تو اس کو سائیڈ پر کرنا نیز شرعی تقاضوں کے مطابق خالی جگہ پُر کروانا۔
- وقتاً فوقتاً صف مکمل کرنے کی فضیلت اور جان بوجھ کر صف میں جگہ خالی چھوڑنے کی وعید سناتے رہنا۔

## 7. خود کفالت

### 7.1. خود کفالت

- اعتکاف کے مجموعی متوقع اخراجات کا جائزہ لینا اوراس کے مطابق اخراجات پورا کرنے کی پلاننگ کرنا۔
- ذیلی مجلس کاروزانہ کی بنیاد پر مدنی مشورہ کرنا۔
- اعتکاف کے مقام پر ڈونرز کو وزٹ کروانا اور دعوت اسلامی کی دینی وفلاحی خدمات سے آگاہ کرنا اور اعتکاف کے اخراجات کیلئے عطیات دینے کا ذہن دینا۔
- معتکفین کو اپنے عطیات (زکوۃ، فطرہ، صدقات وغیرہ) دعوت اسلامی کو جمع کروانے کی ترغیب دلانا۔
- معتکفین کو اپنے گھروں میں "گھریلو صدقہ بکس" رکھنے کا ذہن دینا۔

### 7.2. لنگر رضویہ

- لنگرِ رضویہ (سحری وافطاری) کے لئے ضروری اشیاء (آٹا، گھی، چینی، چاول، دالیں وغیرہ) کا پیشگی انتظام کرنا۔
- سبزی منڈی میں وزٹ کرنا اوراہلِ محبت دکاندار ومالکان سے سحری افطاری کے لئے سبزیوں کی ترکیب کرنا۔
- اعتکاف کے لیے پھلوں (کیلا، سیب اور کھجور وغیرہ) کی ترکیب کرنا۔
- عشر ذمہ دار کے ذریعے بڑے زمینداروں سے ملاقات کرنا اور ان سے گندم، چاول، دودھ وغیرہ لگوانا۔
- گوشت فروش سے ملاقات کرنا اور معتکفین کے لئے گوشت کی ترکیب کرنا۔

- لنگر رضویہ کی مد میں حاصل ہونے والے عطیات اور دیگر اشیاء کا مکمل ریکارڈ بنانا۔
- لنگر رضویہ کی مد میں حاصل ہونے والے تمام عطیات و دیگر اشیاء کا حساب فنانس ڈیپارٹمنٹ کو دینا۔

